© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**اقضیۃ الرسول ﷺ**، مؤلفہ: محمد بن الفرخ المعروف بابن الطلاع الاندلسی، مرتبہ: ڈاکٹر محمد ضیا الرحمٰن اعظمی، مترجم: غلام احمد حریری۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۲۹۷۔ قیمت: ۴۰۰ روپے۔

کتاب وسنت کے ذخیرے میں جن امور پر سب سے زیادہ توجہ دلائی گئی ہے، ان میں سے ایک، اسلامی ریاست میں انصاف پروری اور عدل گستری کا پہلو ہے۔ اس عادلانہ نظام کے قیام کے لیے جو اولیں ادارہ تشکیل دیا گیا اور اس میں قاضیوں کا تقرر ہوا، اس کا تعلق عہد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔ آپؐ کے یہ فیصلے (اقضیہ) اور احکام حدیث کے مجموعوں کے مختلف حصوں میں منقسم اور منتشر تھے۔ حتیٰ کہ پانچویں صدی ہجری میں اسلامی اندلس کے ایک نامور فقیہ اور محدث نے سب سے پہلے ان احکام وقضایا کو ہزاروں حدیثوں میں سے تلاش کر کے جمع کیا، جنھیں ڈاکٹر محمد ضیا الرحمٰن اعظمی نے ۱۹۷۳ء میں جامعہ ازہر (مصر) کے ایک ریسرچ اسکالر کی حیثیت سے مرتب کیا اور اس تحقیقی کام پر پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی۔

ڈاکٹر اعظمی ۱۹۴۳ء میں اعظم گڑھ کے ایک ممتاز ہندو خاندان میں پیدا ہوئے، ۱۹۶۰ء میں اسلام قبول کیا۔ طرح طرح کے مصائب وشدائد کا سامنا کرنا پڑا مگر وہ استقامت کے ساتھ راہِ حق پر قائم رہے۔ بھارت کے مختلف دینی اداروں سے فراغت کے بعد جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ اور جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ سے تحصیل علم کرتے رہے۔ بالآخر، جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ ہی میں استاد الحدیث کے منصب سے ریٹائر ہوئے اور آج کل سعودیہ ہی میں اپنے مختلف علمی اور تحقیقی منصوبوں میں مصروف ہیں۔

© rasailojaraid.com